Department of Education
Chancellor David C. Banks

اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ)
نیو یارک شہر ریاستی امتحانات میں گریڈ 3-8 میں حصہ لینے والے طلباء
اہل خانہ رہنما کتابچہ
2024

عزیز اہلِ خانہ:

نیو یارک ریاست کا سالانہ فنون انگریزی زبان (ELA) اور ریاضی اس موسم بہار کے آخر میں گریڈ 3-8 کے تمام طلباء کو دیے جائیں گے۔ نیو یارک ریاست کا سائنس کا امتحان گریڈ 5 اور 8 کے طلباء بھی دیں گے۔ یہ امتحانات وفاق کے، ہر 'طالب علم کامیاب ہو سکتا ہے' ایکٹ (ESSA) کے لیے درکار ہیں اور اس طرح تشکیل دیے گئے ہیں کہ ایسی اہم معلومات فراہم کرے کہ آیا طلبا تنقیدی سوچ، مسائل سلجھانے، اور ان مطلوبہ صلاحیتوں کے ساتھ اسکول میں آگے بڑھنے اور سند حاصل کرنے کے لیے تیار ہیں جن کی انہیں طویل مدت تک اسکول، کالج، طرز معاش، اور زندگی میں کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہے، اور طلباء کو معاشی تحفظ اور انتخابات سے بھرپور زندگی کی تلاش میں ان کی مدد کرے۔

یہ امتحانات ان متعدد اقدامات میں سے محض ایک ہے جو ہمارے اسکولوں میں طالب علم کی پیشرفت کی تشخیص کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں: گریڈز، رپورٹ کارڈز، تحریری نمونے، پروجیکٹس، تفویضات، اور دیگر کارکردگی پر مبنی طالب علم کے کام بھی اتنی ہی اہمیت کے حامل ہیں۔

اگر آپ کے مزید سوالات ہوں تو برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

**اس سال کے ریاستی امتحانات کے لیے نیا کیا ہے؟**
کمپیوٹر پر مبنی ریاستی امتحانات کی تین سالہ منتقلی میں یہ NYSED کے تمام گریڈ 8 – 3 ریاستی امتحانات کا پہلا سال ہے۔ جب اسکول تمام گریڈز میں کمپیوٹر پر مبنی طرز میں امتحان منظم کر لیں گے تو گریڈ 5 اور 8 کے تمام طلباء ELA، ریاضی اور سائنس میں ٹیسٹ کمپیوٹر پر مبنی طرز پر دیں گے۔

**گریڈ 8 – 3 کے ریاستی امتحانات کب ہوں گے؟**

| ELA | ریاضی | سائنس |
|---|---|---|
| بنیادی انتظام، کمپیوٹر پر مبنی:<br>11-19 اپریل | بنیادی انتظام، کمپیوٹر پر مبنی:<br>7-17 مئی | بنیادی انتظام کمپیوٹر پر مبنی:<br>15-17 مئی |
| بنیادی انتظام تحریر پر مبنی:<br>11-12 اپریل | بنیادی انتظام، تحریر پر مبنی:<br>7-8 مئی | ناقابل اطلاق |
| تلافی: 15-17 اپریل | تلافی: 9-14 مئی | تلافی: مرکزی انتظام کے دوران کسی بھی وقت |

**ریاستی امتحانات میرے بچے کو کس طرح فائدہ پہنچاتے ہیں؟**
آپ اور آپ کا بچہ ریاستی امتحانات سے مستفید ہوتے ہیں کیونکہ وہ:
- اس بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرتا ہے کہ آیا آپ کا بچہ وہ سیکھ رہا ہے جس کی ان کی گریڈ کی سطح سے توقع کی جاتی ہے؟
- اسکولوں کو یہ متعین کرنے میں مدد دیتا ہے کہ طلبا کی اپنے ساتھیوں کے مقابلے میں پیشرفت اور کارکردگی کیسی جا رہی ہے، اور کون سے طلباء یا اساتذہ کو مزید معاونت کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
- آپ کو یہ جاننے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ کے بچے کا اسکول دیگر اسکولوں کے مقابلے میں کیسا کام کر رہا ہے۔

**ان امتحانات سے کیا نتائج اخذ ہوتے ہیں؟ میرے بچے کے پاس ریاستی امتحان مکمل کرنے کے لیے کتنا وقت ہے؟**

ELA اور ریاضی کے امتحانات بغیر وقت کی پابندی کے دو دورانیوں پر مشتمل ہوتے ہیں اور انہیں دو دن میں لیا جاتا ہے (ایک دن میں ایک دورانیہ)۔ ELA کے لیے دورانیے 1 اور 2 میں کثیر انتخابی اور تفصیلی جواب والے سوالات شامل ہوتے ہیں۔ ریاضی کے لیے دورانیہ1 میں صرف کثیر انتخاب والے سوالات ہوتے ہیں۔ ریاضی کے لیے دورانیہ 2 میں ریاضی کے کثیر انتخابی اور تفصیلی جواب والے سوالات شامل ہوتے ہیں۔ سائنس کا امتحان، جو صرف گریڈ 5 اور 8 میں لیا جاتا ہے، ایک واحد دورانیہ ہے جس میں متعدد انتخابی اور تفصیلی جواب والے سوالات شامل ہوتے ہیں۔ ان تینوں امتحانات میں وقت کی پابندی نہیں ہوتی۔ جن طلباء کو زیادہ وقت درکار ہوتا ہے وہ اپنی رفتار سے کام کر سکیں گے تاکہ وہ بہتر طریقے سے اظہار کر سکیں کہ وہ کیا جانتے اور کیا کر سکتے ہیں۔

**ان اسکور کے نتائج کا اساتذہ پر کیا اثر مرتب ہوتا ہے؟**

ہر اسکول کے طالب علم کی تعلیم حاصل کرنے کے پیمائش کے منتخب معیار پر منحصر، ریاستی امتحان کے نتائج استاد کی تشخیص پر اثر انداز ہو سکتے ہیں یا نہیں بھی ہو سکتے۔

**یہ امتحانات مڈل یا ہائی اسکول داخلوں پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟**

موسمِ خزاں 2025 کے داخلوں کے لیے، ریاستی امتحان کے اسکورز استعمال نہیں کیے جائیں گے۔ کچھ اسکول گزشتہ سالوں کی طرح طلباء کو جانچنے کے لیے کورس کے درجات اور / یا اسکول کی سطح پر کی جانے والی تشخیصات کا استعمال کریں گے۔

**کیا خاندان اپنے بچوں کو ریاستی امتحانات میں شرکت نہ کرنے کا انتخاب یا متبادل تشخیص کی درخواست کر سکتے ہیں؟**

- ہم انتہائی پُرزور طور پر تمام طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ یہ امتحانات دیں کیونکہ امتحان کے نتائج کے ذریعے ہماری حاصل کردہ معلومات سے آپ اور آپ کے بچے دونوں کو فائدہ پہونچے گا۔ ریاستی امتحانات اضافی معلومات فراہم کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ کیا تعلیم حاصل کر رہا ہے اور اساتذہ اور اسکولوں کو جہاں ضرورت ہو معاونت میں درستگی کرنے میں مدد کرتے ہیں۔
- اگر آپ اپنے بچے کو ریاستی امتحانات سے خارج کروانے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو برائے مہربانی اپنے بچے کے پرنسپل سے مشورہ کرنے پر غور کریں۔ اگر، پرنسپل سے مشورے کے بعد بھی، کوئی والدین اپنے بچے کو امتحان دینے سے خارج کروانا چاہتے ہیں، تو پرنسپل آپ کے فیصلے کا احترام کریں گے۔ والدین اور پرنسپل کو اس گفتگو کا ایک تحریری ریکارڈ محفوظ رکھنا چاہیے۔

**اس امتحان کی تیاری کے لیے میرے بچے کو کیا کرنا چاہیے؟**

- امتحان سے ایک رات پہلے اپنے بچے کی رات کو اچھی نیند لینے میں مدد کریں اور صبح اچھا ناشتہ کروائیں۔
- اپنے بچے کے امتحان دینے کے بارے میں احساسات کی قدر کریں اور ان کے اعتماد کو بڑھائیں۔

**مجھے کب پتہ چلے گا کہ میرے بچے نے ان امتحانات میں کیسی کارکردگی دکھائی ہے؟**

- نیویارک ریاست عموماً امتحان کے اسکورز گرمیوں کے دوران جاری کرتا ہے اور یہ اسکورز آپ کے بچے کے این وائی سی اسکولز اکاونٹ کے ذریعے دستیاب ہوں گے۔

- ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ریاستی امتحان کے اسکور اور مجموعی تعلیمی پیش رفت کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے اپنے بچے کے استاد یا پرنسپل سے رابطہ کریں۔

**ریاستی امتحان کے انعقاد کے وقت اگر میرا بچہ اسکول میں نہ ہوا تو کیا ہوگا؟**

آپ کے بچے کے لیے یہ امتحان لینا اہم ہے۔ براہ کرم اپنے بچے کی مدد کرنے کی پوری کوشش کریں اور یہ یقینی بنائیں کہ امتحان کے دنوں میں وہ اسکول میں موجود ہوں۔ وہ طلباء جو کسی بھی وجہ سے غیرحاضر ہوں گے انہیں تلافی کے وقت کے دوران امتحان دینے کا ایک اور موقع ملے گا۔ اگر آپ کا بچہ تلافی پیرئیڈ کے دوران بھی غیرحاضر ہوا، تو اس امتحان کو دینے کے اضافی مواقع نہیں ہوں گے۔ طلباء کو محض ریاستی امتحان نہ دینے پر سزا نہیں دی جائے گی اور نہ ہی انہیں اسی گریڈ میں رکھا جائے گا۔

اگر میرا بچہ ریجنٹس امتحان بھی لے رہا ہے تو کیا اس کے لیے یہ ریاستی امتحان لینا لازمی ہے ؟

کچھ طلباء مڈل اسکول میں ہائی اسکول سطح کے ریجنٹس امتحانات لیتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ گریڈ 7 یا 8 میں ہے اور اس تعلیمی سال میں ریاضی یا سائنس ریجنٹس کا امتحان دے گا، تو آپ کا اسکول ان کا ریاضی یا سائنس ٹیسٹ میں ریاستی امتحان نہیں لے گا۔ ان کی پیشرفت کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے آپ اپنے بچے کو ریاست کا ریاضی یا سائنس کا امتحان دلوانے کا انتخاب کر سکتے ہیں، حالانکہ اس کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا طالبِ علم ریاضی یا سائنس ریجنٹس امتحان کے علاوہ ریاست کا ریاضی یا سائنس امتحان بھی لے تو اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔